حکومتِ پاکستان

ریونیوڈویژن

فیڈرل بورڈآف ریونیو

اسلام آباد،12اگست،2026

## نوٹیفکیشن

(سیلز ٹیکس)

S.R.O. 1343(I)/2026۔- سیلز ٹیکس ایکٹ،1990کے سیکشن 8 Bکی ذیلی دفعہ(1)کے دوسرے پروویزواور ذیلی دفعہ(4)کے تحت حاصل اختیارات کوبروئے کارلاتے ہوئے فیڈرل بورڈآف ریونیو یہ ہدایت کرتا ہے کہ اس کے نوٹیفکیشن نمبر S.R.O. 1190(I)/2019 مورخہ 2اکتوبر،2019میں درج ذیل مزید ترمیم کی جائے،یعنی:-مذکورہ بالانوٹیفکیشن کی جدول-1 (Table-1) میں کالم(1)میں شمارہ نمبر14اور کالم(2)میں اس سے متعلقہ اندراج کے بعد درج ذیل نیا شمارہ نمبر15اوراس سے متعلقہ اندراج شامل کیا جائے،یعنی-:

| |
|---|
| 15-اسٹیل پگھلانے والے یونٹس(Steel Melters) ،ری رولنگ یونٹس (Re-rollers) اور کمپوزٹ یونٹس (Composite Units) جو سیکشن 6کی ذیلی دفعہ(2)کے پروویزواوراس کے تحت جاری کردہ نوٹیفکیشن کے تحت 30ستمبر،2026تک سیلز ٹیکس ادا کر رہے ہیں۔"۔ |

[C. No. 1/2-STB/2019 (Pt-2)]

(انصر مجید)

سیکنڈ سیکریٹری (سیلز ٹیکس اینڈ فیڈرل ایکسائز۔بجٹ)